وزیر اعظم کی جمہوریہ کوریا کے صدر سے ملاقات

20 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 20 مئی 2023 کو ہیروشیما میں G-7 سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ کوریا کے صدر عزت مآب جناب یون سک یول سے ملاقات کی۔

2۔ قائدین نے ہندوستان – جمہوریہ کوریا خصوصی اسٹریٹجک پارٹنرشپ کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور دو طرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، خاص طور پر تجارت اور سرمایہ کاری، اعلی ٹیکنالوجی، آئی ٹی ہارڈویئر مینوفیکچرنگ، دفاع، سیمی کنڈکٹرز اور ثقافت کے شعبوں میں۔

3۔دونوں رہنماؤں نے نوٹ کیا کہ دونوں ممالک اس سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، اور اپنے تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔

4۔ صدر یون سک یول نے G-20 کی وزیر اعظم کی قیادت کی تعریف کی اور ان کی حمایت کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم اس سال ستمبر میں G20 لیڈروں کی چوٹی کانفرنس کے لیے صدر یون کے ہندوستان کے دورے کے منتظر ہیں۔

5۔ وزیر اعظم نے جمہوریہ کوریا کی ہند-بحرالکاہل کی حکمت عملی اور اس میں ہندوستان کی اہمیت کا خیرمقدم کیا۔

6۔دونوں رہنماؤں نے علاقائی پیش رفت پر بھی مثبت تبادلہ خیال کیا۔

ہیروشیما

20 مئی 2023